غزہ میں نسل کشی، نئے اور خوفناک 'مرحلے تک پہنچ گئی: جنوبی افریقہ

دی ہیگ، (یو این آئی) جنوبی افریقہ نے اقوام متحدہ کی اعلیٰ عدالت میں اسرائیل پر غزہ میں نسل کشی کے عمل کو تیز کرنے کا الزام لگاتے ہوئے زور دیا کہ عدالت رفح پر اسرائیلی حملے روکنے کا حکم دے۔ ڈان اخبار میں شائع خبر رساں ادارے اے ایف پی کی رپورٹ کے مطابق جمعرات کو وومیوزی میڈ ویلیا نے عالمی عدالت انصاف (آئی سی جے) کو بتایا کہ جب ہم آخری بار اس عدالت کے سامنے پیش ہوئے تب جنوبی افریقہ نے امید کی تھی کہ ہم فلسطینیوں اور اس کے لوگوں کے تحفظ کے لیے اس نسل کشی کے عمل کو روک دیں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اس کے بجائے اسرائیل غزہ میں تیزی سے نسل کشی کر رہا ہے اور یہ اب ایک نئے اور ہولناک مرحلے پر پہنچ گئی ہے۔ جنوبی افریقہ نے یہ بات آئی سی جے میں دو روزہ سماعتوں کے دوران کی جس میں جوں سے غزہ پر جنگ بندی کا حکم دینے کی درخواست کی گئی ہے۔ اسرائیل اس حوالے سے جمعہ کو جواب دے گا۔ اس سے قبل اس نے بین الاقوامی قانون کو برقرار رکھنے کا اعادہ کیا تھا اور جنوبی افریقہ کے مقدمے کو مکمل طور پر بے بنیاد اور اشتعال طور پر نفرت انگیز قرار دیا تھا۔ ایک فیصلے میں عالمی عدالت انصاف نے جنوری میں اسرائیل کو حکم دیا تھا کہ وہ نسل کشی کی کارروائیوں کو روکنے اور غزہ کے لیے انسانی امداد کو فعال کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے۔ لیکن عدالت نے جنگ بندی کا حکم دینے سے گریز کیا اور جنوبی افریقہ کی دلیل یہ ہے کہ زمینی صورتحال کے پیش نظر آئی سی جے کی فوری کارروائی کی ضرورت ہے۔

ٹیکساس میں شدید طوفان، چار اموات

ہیوسٹن، (یو این آئی) امریکی کی ٹیکساس ریاست کے سب سے بڑے شہر ہیوسٹن میں شدید طوفان کی زد میں آ کر چار لوگوں کی موت ہو گئی۔ مقامی انتظامیہ کے مطابق تاہم ابھی تک یہ واضح نہیں ہے کہ یہ لوگ کیسے ہلاک ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ جمعرات کی رات تقریباً 9 بجے شہر کے ٹکرانے والے طوفان کی وجہ سے کئی علاقوں میں درخت اکھڑ گئے اور بجلی کے تار ٹوٹ گئے۔ ٹیکساس کے سب سے بڑے اسکول ڈسٹرک ہیوسٹن آئی ایس ڈی نے طوفان کے نقصان اور بجلی ٹوٹنے کی وجہ سے جمعہ کے لیے تمام کلاسز منسوخ کر دیں۔ ایک امریکی الیکٹرک اور قدرتی گیس کی افادیت، سینٹر پوائنٹ نے کہا کہ طاقتور طوفان کے سبب بجلی کی سپلائی بند ہونے سے تقریباً 900,000 لوگ اندھیرے میں ہیں۔

جاپان نے فوکوشیما کے جوہری آلودہ گندے پانی کو چھوڑنا شروع کر دیا

ٹوکیو، (یو این آئی) جاپان نے جمعہ کو فوکوشیما ڈائچی ایٹمی بجلی گھر سے جوہری آلودہ گندے کے پانی کو بحر الکاہل میں خارج کرنے کا چھٹا دور شروع کیا۔ پلانٹ آپریٹر ٹوکیو الیکٹرک پاور کمپنی دنیا بھر میں شدید احتجاج کے باوجود مالی سال 2024 میں جوہری آلودہ گندے پانی کے اخراج کا دور مرحلہ وار شروع کرنے والی ہے۔ پچھلے دور کی طرح 4 جون تک تقریباً 7,800 ٹن گندا پانی چھوڑا جائے گا۔

غزہ میں جو کیا قانون کے مطابق کیا □ اسرائیل کی عالمی عدالت میں ڈھٹائی

جنیوا: (یو این آئی) عالمی عدالت انصاف میں آج دوسرے روز فلسطینیوں کی نسل کشی خلاف جنوبی افریقہ کی درخواست پر سماعت دوبارہ شروع ہوئی جس میں اسرائیل نکلا نے دلائل دیے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق عالمی عدالت انصاف کے صدر نواف سلام نے آج کی سماعت پر افتتاحی خطاب کے بعد اسرائیل کے نمائندوں کو جنوبی افریقہ کے دلائل کے جواب میں اپنا موقف پیش کرنے کی دعوت دی۔ اسرائیل کے ڈپٹی اٹارنی جنرل برائے انٹرنیشنل لاز گیلا ڈولم نے دفاع میں دلائل دیتے ہوئے کہا کہ جنوبی افریقہ نے اسرائیل پر نسل کشی کا الزام لگاتے ہوئے حقائق اور پیچیدہ صورت حال کو نظر نہیں رکھا۔ اسرائیلی نمائندے نے کہا کہ آج میں یہی حقائق اور درست صورت حال عدالت کے سامنے پیش کروں گا۔ جنوبی افریقہ نے بین الاقوامی عدالت انصاف میں متعصبانہ اور جھوٹ پر مبنی اعداد و شمار پیش کیے جو انھیں حماس نے فراہم کیے تھے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ ہم کسی شہری سہولیات کو نقصان پہنچانے کی کوشش کرتے ہوئے اسرائیل غزہ اور رفح میں کارروائیاں بین الاقوامی قانون کے مطابق کر رہا ہے۔ اسرائیلی وزارت خارجہ نے اس سلسلے میں ایک بیان بین الاقوامی عدالت انصاف میں پیش کیا ہے۔ جس میں کہا گیا ہے کہ اسرائیل شہری سہولتوں کو بھی کم سے کم نقصان پہنچانے کے لیے کوشش کر رہا ہے۔ اسرائیل نے بین الاقوامی عدالت انصاف سے مطالبہ کیا ہے کہ جنوبی افریقہ کے عدالت کے غلط استعمال کی روش کو روکے اور اسرائیل کے خلاف درخواست کو مسترد کر دے۔ سماعت میں جنوبی افریقہ کے سفیر وومیوزی میڈ ویلیا نے اسرائیل پر عالمی عدالت انصاف کے سابقہ احکامات اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی ہدایات کو نظر انداز کرنے کا الزام لگاتے ہوئے کہا تھا کہ گزشتہ عدالتی سماعت میں واضح احکامات کے باوجود اسرائیل نے فلسطینیوں کی نسل کشی جاری کر رکھی ہے اور غزہ کے جنوبی شہر رفح میں یہ ہولناک مرحلے پر پہنچ گئی۔ جنوبی افریقہ کے نیدرلینڈز میں سفیر نے اپنے دلائل میں مزید کہا تھا کہ اسرائیل نے غزہ کو تباہ و بستی سے مٹا دیا اور جب فلسطینیوں نے رفح میں پناہ لی تو اب وہاں بھی کارروائیاں کر رہا ہے۔ عالمی عدالت کو اسرائیل کی نسل کشی روکنے کے لیے بہت کچھ کرنا ہوگا۔ انھوں نے یہ بھی کہا تھا کہ عالمی عدالت انصاف نے گزشتہ سماعت میں اسرائیل کونسل کشی کی کارروائیوں کو روکنے کے لیے اقدامات پر عمل درآمد کا حکم دیا تھا لیکن اسرائیل نے جان بوجھ کر عدالتی حکم کی خلاف ورزی کی۔ جنوبی افریقہ کی وکیل بلینی نکھرالیگ نے عالمی عدالت انصاف سے انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ تھا 'یہ فلسطینیوں کے پاس آخری موقع ہے' لہٰذا عدالت اپنے پرانے احکامات پر عملدرآمد کروانے ہوئے نسل کشی بھی جاری کرنے۔ جنوبی افریقہ کے سفیر نے مطالبہ کیا تھا کہ عالمی عدالت اپنے احکامات پر اسرائیل سے عمل درآمد کراتے ہوئے فلسطینی عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے فوری اور مؤثر قدم اٹھائے۔ اسی طرح عالمی عدالت میں جنوبی افریقہ کی نمائندگی کرنے والے ماہر قانون پروفیسر وان لونے بھی کہا تھا کہ رفح میں اسرائیل کی کارروائیاں خوفناک ہیں اور پناہ گزینوں کے لیے رفح کو بھی غزہ کی طرح کھنڈر بنایا جا رہا ہے۔ جنوبی افریقہ کے سفیر میڈ ویلیا نے اپنے دلائل کے آخری حصے میں سابق استعماری قوتوں کی جانب سے کی جانے والی نسل کشی کو فلسطینیوں کی نسل کشی سے جوڑتے ہوئے خبردار کیا کہ اسرائیل نے تاحال بربریت جاری رکھی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل غزہ میں عمل انتقامی کے ساتھ کام کر رہا ہے، تباہی کی آخری لہر کو بڑھا رہا ہے جس سے کوئی واپسی نہیں ہے کیونکہ اسرائیل اپنے جرائم سے انکار کر رہا ہے جبکہ نیتن یاہو کو کھلے بندوں کی بیداری میں ہے جو اس کی شکل سے واضح ہوتی ہے۔

اہرام مصر کی تعمیر کیسے ہوئی؟ سائنسداں ممکنہ جواب جاننے میں کامیاب

قاہرہ، (یو این آئی) صدیوں پرانے اہرام مصر عرصے سے لوگوں اور سائنسدانوں کی توجہ کا مرکز بنے ہوئے ہیں۔ عرصے سے سائنسدانوں کے لیے یہ سوال معمہ بنا ہوا ہے کہ ہزاروں سال قبل کس طرح قدیم مصر میں اتنے بڑے اہرام تعمیر کیے گئے مگر اب اس کا ممکنہ جواب سامنے آ گیا ہے۔ ماہرین نے صحرا کے نیچے بنی دریائے نیل کی ایسی شاخ دریافت کی ہے جو ہزاروں سال قبل 30 سے زائد اہرام کے گرد بہتی تھی۔ اس دریافت سے یہ معمہ ہل ہوتا ہے کہ کس طرح قدیم مصریوں نے اہرام تعمیر کرنے کے لیے بہت وزنی پتھروں تک پہنچا۔ 40 میل لمبی دریا کی یہ شاخ نا معلوم عرصے قبل گیزہ کے عظیم ہرم اور دیگر اہرام کے گرد بہتی تھی اور ہزاروں سال قبل صحرا اور زرعی زمین کے نیچے چھپ گئی۔ ایک نئی تحقیق میں بتایا گیا کہ دریا کی موجودگی سے وضاحت ہوتی ہے کہ کیسے 4700 سے 3700 برسوں قبل 31 اہرام اس وادی میں تعمیر ہوئے جو اب ویران صحرائی پٹی میں بدل چکی ہے۔ یہ وادی مصر کے قدیم دارالحکومت ممفس کے قریب موجود ہے اور یہاں کیزہ کا عظیم ہرم بھی موجود ہے جو دنیا کے قدیم 7 عجائب میں شامل واحد ایسا عجوبہ ہے جو اب بھی موجود ہے۔ جرنل نیچر کمیونیکیشنز میں شائع ایک تحقیق میں دریا کی اس شاخ کو دریافت کیا گیا۔ خیال رہے کہ ماہرین آثار قدیمہ کافی عرصے سے یہ خیال ظاہر کر رہے تھے کہ قدیم مصر میں دریا کو ہی اہرام کی تعمیر کے لیے استعمال کیا گیا تھا۔ مگر اب تک کسی کو قدیم زمانے میں پتھر والے دریائے مقام، مساحت یا حجم کے بارے میں معلوم نہیں تھا۔ تحقیقی ٹیم نے ریڈار سیٹلائٹ ٹیکنالوجی کو استعمال کر کے دریا کی اس خفیہ شاخ کو دریافت کیا۔ اس مقام کے سوئیز اور نمونوں کی جانچ پڑتال سے دریا کی موجودگی کی تصدیق ہوگئی۔ محققین کے مطابق اسی کی زمانے میں یہ دریا بہت طاقتور ہوگا مگر تقریباً 4200 سال قبل قحط سالی کے باعث وہ دریا سے چھپنا شروع ہوگیا۔ گیزہ کا عظیم ہرم اس چھپے ہوئے دریا کے کنارے سے محض ایک کلومیٹر کی دوری پر موجود ہے۔ اس ہر کی تعمیر کے لیے 23 لاکھ بلاکس استعمال ہوئے تھے اور ہر بلاک کا وزن ڈھائی سے 15 ٹن کے درمیان تھا۔ محققین کے مطابق بیشتر اہرام بھی دریا کے اردگرد ہی واقع محسوس ہوتے ہیں اور یہ مقند یہ بتاتا ہے کہ اس دریا کو تعمیراتی سامان پہنچانے کے لیے استعمال کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ دریا سے یہ مقند یہی ملتا ہے کہ اہرام مختلف مقامات پر کیوں تعمیر کیے گئے۔

عالمی برادری فلسطینیوں کے خلاف وحشیانہ جارحیت بند کروائے: سعودی عرب

منامہ: سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان نے عالمی برادری سے فلسطینیوں پر جاری اسرائیلی مظالم بند کروانے کا مطالبہ کر دیا۔ بحرین میں عرب سربراہ کانفرنس سے خطاب میں سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے کہا کہ عالمی برادری فلسطینیوں کے خلاف جاری اسرائیلی جارحیت کو روکنے کے لیے موثر اقدامات کرے۔ اسرائیل نے جس بہانے سے غزہ کی پٹی پر چڑھائی کی وہ قابل مذمت ہے۔ شہزادہ محمد بن سلمان کا مزید کہنا تھا کہ سعودی عرب فلسطینی ریاست کے قیام اور اس کی عالمی شناخت کی حمایت کرتا ہے۔ غزہ میں جاری بحران سے نمٹنے کی کوششوں کی حمایت کی ہے اور غزہ وطن روکنے کے لیے عالمی کوششیں تیز کرنے پر زور دیا ہے۔ سعودی عرب تنازعات کو پرامن طریقے سے حل کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ عالمی برادری فلسطینی بھائیوں کے خلاف وحشیانہ جارحیت ختم کروائے۔

فلسطینیوں کے قتل عام کیلئے امریکہ نے ایک بار پھر اسرائیل کو ہتھیاروں کی کھیپ بھیجنے کا بل منظور کیا

واشنگٹن: (یو این آئی) امریکی ایوان نمائندگان نے جمعرات کو ایک ایسا بل منظور کیا ہے جس کے بعد صدر جو بائیڈن اسرائیل کو ہتھیار بھیجنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق اسرائیل سکیورٹی اسسٹنس سپورٹ ایکٹ کو 187 کے مقابلے 224 ووٹوں سے منظور کیا گیا۔ بل کی منظوری میں 16 ڈیموکریٹس نے ہاں میں ووٹ دینے کے لیے ریپبلکنز کا ساتھ دیا، اور تین ریپبلکنز نے اس اقدام کی مخالفت میں ڈیموکریٹس کا ساتھ دیا۔ اس بل کے قانون بننے کی توقع نہیں، لیکن اس کی منظوری سے پتہ چلتا ہے امریکی انتخابات کے سال میں اسرائیل کی پالیسی پر تنقیدی گفتگو ہے۔ ریپبلکن پارٹی کے ارکان نے بائیڈن پر الزام عائد کیا کہ وہ فلسطینیوں کے حق میں بڑے پیمانے پر مظاہروں کے بعد اسرائیل سے منہ موڑ رہے ہیں۔ ایوان نمائندگان کے ریپبلکن چیئرمین مائیک جانسن نے بدھ کو پارٹی کے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ ایک نیوز کانفرنس میں کہا کہ 'یہ ایک تباہ کن فیصلہ ہے جس کے عالمی مضمرات ہیں۔ یہ واضح طور پر سیاسی محرکات کی وجہ سے کیا جا رہا ہے اور ہم ایسا ہونے نہیں دیں گے۔ ڈیموکریٹس نے بھی مخالف پارٹی پر سیاست کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ڈیری ہیلکن اسرائیل کے بارے میں بائیڈن کے موقف کو توڑ مروڑ کر پیش کر رہے ہیں۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ایک امریکی عہدیدار نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ ایک ارب ڈالر کے ہتھیاروں کی فراہمی کے پیکیج میں بیلکوں کے گولے، مارٹر اور ٹیکٹیکل بکتر بند گاڑیوں کی فراہمی شامل ہیں۔ غزہ میں حماس کے خلاف سات ماہ سے جاری جنگ کے دوران اسرائیل کی فوجی حمایت پر امریکہ کو تنقید کا سامنا رہا ہے۔ صدر جو بائیڈن نے ڈیموکریٹک پارٹی کے کچھ ساتھی ان پر زور دے رہے ہیں کہ وہ اسرائیل کو ہتھیاروں کی فراہمی محدود کر دیں تاکہ اسرائیل پر فلسطینی شہریوں کے تحفظ کے لیے اقدامات کرنے کا دباؤ لا جا سکے۔ دوسری طرف امریکہ میں حزب اختلاف ری پبلکن پارٹی کے ارکان نے اسرائیل کو فوجی حمایت میں کمی کی نومت کی ہے۔ بائیڈن نے گزشتہ ہفتے کہا تھا کہ انہوں نے اسرائیل کو دو ہزار پاؤنڈ اور ساڑھے 17 ہزار پاؤنڈ وزنی بموں کی کھیپ کی ترسیل موخر کرنے کا حکم دیا ہے۔ امریکہ نے اسرائیل فوج کی جانب سے غزہ کے جنوب میں رفح پر بڑے حملے کی صورت میں ان بموں کے استعمال کے خدشے کے سبب فراہمی روکنے کا اعلان کیا تھا۔

روس اور چین کے درمیان اسٹریٹجک تعلقات کی مضبوطی پر اتفاق

بیجنگ، (یو این آئی) چینی صدر شی جن پنگ نے اپنے روسی ہم منصب ولادیمیر پوتن سے کہا کہ دونوں ممالک کو 'نیا دور' کے لیے اپنے تعلقات کو مضبوط کرنے کے لیے کام کرنا چاہیے۔ ڈان اخبار کی رپورٹ کے مطابق 17 مارچ کو ہونے والے صدارتی انتخابات میں پانچویں بار روس کے صدر منتخب ہونے والے ولادیمیر پوتن اپنے پہلے غیر ملکی دورے پر چین میں موجود ہیں جہاں انہوں نے گزشتہ روز چینی صدر شی جن پنگ سے ملاقات کی۔ خیال رہے کہ روسی صدر شی جنگ پنگ کا گزشتہ 6 ماہ کے دوران یہ چین کا دوسرا دورہ ہے، جہاں وہ یوکرین جنگ میں اپنے دوست ملک چین کی بھرپور حمایت حاصل کرنے کے لیے پر امید ہیں، خاص طور پر ایسے وقت میں جب یوکرین پر حملہ کرنے کے نتیجے میں مغربی ممالک کی جانب سے پابندیوں کی وجہ سے روس کو اقتصادی مشکلات کا سامنا ہے۔ چین کے سرکاری نشریاتی ادارے سی سی ٹی وی نے شی جن پنگ کو یہ کہتے ہوئے دکھایا گیا کہ روسی صدر کے لیے 'بیجنگ کے "گریٹ ہال آف دی پیپل" کے باہر ایک شاندار تقریب رکھی گئی جہاں چینی صدر نے اپنے روسی ہم منصب کا استقبال کیا۔ دونوں سربراہان نے اپنے دوسرے دن کے مذاکرات کے دوران شی جن پنگ نے اپنے دیرینہ دوست ولادیمیر پوتن کو بتایا کہ چین اور روس کے تعلقات امن کے لیے سازگار ہیں جب کہ دنیا میں انصاف کے حصول کے لیے چین ہر صورت میں روس کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے۔ اس موقع پر روسی صدر نے اپنے چینی ہم منصب کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات عالمی میدان میں استحکام کے عوامل ہیں اور یہ تعلقات موقع پرست نہیں اور نہ ہی کسی کے خلاف ہیں بلکہ ہم مل کر انصاف کے اصولوں اور ایک جمہوری عالمی نظام کو برقرار رکھتے ہیں۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی شنہوا کے مطابق دونوں صدور کے درمیان ہونے والی ملاقات کے بعد جامع اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط کرنے کے لیے ایک مشترکہ اعلامیہ پر بھی دستخط کیے گئے۔ مشترکہ اعلامیہ میں امریکا کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا گیا کہ امریکا اب بھی سرد جنگ کے خیالات رکھتا ہے اور چھوٹے گروپوں کی سلامتی کو علاقائی سلامتی سے بالاتر رکھتا ہے جس سے خطے کے دیگر ممالک کی سلامتی کو خطرات پیدا ہو رہے ہیں، امریکا کو یہ رویہ ترک کرنا ہوگا۔ اعلامیہ میں عالمی زیادتیوں کے دوران روس اور امارات کو ضبط کرنے کے اقدامات کی بھی مذمت کی گئی، روس کے منجمد اثاثوں سے حاصل ہونے والے منافع سے یوکرین کی مدد کے لیے اقدامات کرنا، اس کی واضح مثال ہیں۔ کریملن نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ ملاقات میں روس اور چین نے 'یوکرین تنازعہ کو ممزید بڑھانے' کی مخالفت کرنے پر اتفاق کیا، فریقین نے کسی بھی ایسے اقدام کو روکنے کی ضرورت پر زور دیا جو دشمنی کو طول دینے میں معاون ہوں۔ بعد ازاں، روسی صدر نے چینی وزیراعظم لی کیانگ سے بھی ملاقات کی جس میں چینی وزیراعظم نے کہا کہ جینگ شقیف شعبوں میں تعاون کو مزید گہرا کرنے کے لیے تیار ہے، پیوٹن اور شی جن پنگ نے سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کی تقریب میں بھی شرکت کی۔ خیال رہے کہ دورہ چین سے قبل پوتن نے 22 مئی کو ہنگری خبر رساں ایجنسی 'شنہوا' کو ماسکو میں دیے گئے انٹرویو کے دوران روسی صدر کا کہنا تھا کہ 'ہم یوکرین کے بحران کو حل کرنے کے لیے چین کے نقطہ نظر کی تعریف کرتے ہیں'

مختصر خبریں

عازمین حج کیلئے ڈیجیٹل کتب کی فراہمی

مکہ مکرمہ، (یو این آئی) مختلف ممالک سے سعودی عرب آنے والے عازمین حج کے لئے ادارہ امور حرمین کے شعبہ دینی امور کی جانب سے دینی معلومات پر مبنی لٹریچر تقسیم کیا جا رہا ہے۔ سعودی خبر رساں ادارے ایس پی اے کے مطابق دینی امور کے نائب سربراہ بدر آل الشیخ نے ایک بیان میں کہا کہ ادارے کی جانب سے عازمین حج کی رہنمائی کے لیے بھرپور انتظامات کئے گئے ہیں۔ دینی امور کی جانب سے 'منارہ الحرمین' پورٹل کے ذریعے نماز جمعہ کا خطبہ اور مسجد الحرام میں ہونے والے دروس کے مختلف زبانوں میں ترجمہ کرنے کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے تاکہ رج وعمرہ زائرین اس سے استفادہ حاصل کرسکیں۔ دوسری جانب سعودی وزارت داخلہ نے رواں سال غیر ملکی عازمین حج کے لیے ڈیجیٹل آئی ڈی کا آغاز کیا ہے۔ دیگر ممالک سے آنے والے عازمین حج اس سے فائدہ اٹھا سکیں گے۔ رپورٹ کے مطابق وزارت داخلہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ ڈیجیٹل آئی ڈی سے عازمین حج کو ایشر اور تو کلنا ایپس پر اپنا اکاؤنٹ بنانے میں سہولت مل جائے گی۔ اس اقدام سے دیگر ممالک سے آنے والے عازمین حج سفر حج ومملکت میں قیام کے دوران ہر قسم کی دشواری سے بچ جائیں گے۔

اسرائیل نے رفح کیلئے مزید فوجی دستے روانہ کر دیئے

تل ابیب، (یو این آئی) اسرائیل نے 162 ریزرو ڈویژن میں شامل کرنے کے لئے رفح میں ایک اضافی بٹالین فوج روانہ کردی ہے۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق پیوٹج مشرقی رفح میں جاری اسرائیلی فوجی آپریشن میں حصہ لے گی جو اس ماہ سے وہاں کارروائی میں مصروف ہے۔ یہ اقدام ایسے وقت میں اٹھایا گیا ہے جب امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ اسرائیلی حکومت رفح پر فوجی حملے کو وسعت دینے پر رضامند ہو جائے گی۔ اس سے قبل حماس کے خلاف جنگ میں اسرائیلی فورسز نے گھر اہٹ کا شکار ہو کر اپنے ہی ہلکاروں کو فائرنگ کر کے ہلاک کر دیا۔ اسرائیلی فوج سرحاس سے برادا ہوئے مقابلے میں شہر آگئیں اور حواس باختہ ہو کر اپنے ہی 5 ہلکاروں کو ہلاک کر دیا۔ اسرائیلی فورسز کے ہاتھوں 17 اسرائیلی ہلکارزخمی ہوئے۔ اسرائیلی ٹینک نے جمالیہ پناہ گزین کیمپ پر گولے داغے اور ٹینک نے کھڑی کے نظلی بندوق کی ٹالی دیکھ کر حملہ کیا۔ اسرائیلی ہلکاروں نے جمالیہ پناہ گزین کیمپ میں پوزیشن سنبھال رکھی تھیں۔ اسرائیلی حکام کا کہنا ہے کہ فوجیوں کی شناخت میں غلطی کیسے ہوئی تحقیقات جاری ہیں۔

غزہ اور اسرائیل جنگ کے درمیان امداد پہنچانا ناممکن: اقوام متحدہ

غزہ، (یو این آئی) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ اسرائیل اور حماس کے درمیان طویل وقت سے جاری تنازعہ کے حوالے سے غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کی تقسیم کا کام ناممکن ہے۔ اقوام متحدہ کے دفتر برائے رابطہ برائے انسانی امور (اوسی ایچ آ ے) نے اکیس پر کہا کہ غزہ میں شدید لڑائی کے دوران بے قاعدہ ایجنسی کی فراہمی اور حواصلات میں غلل کی وجہ سے انسانی امداد پہنچانا تقریباً ناممکن ہے۔ غزہ میں مدد کے لیے مرکزی کراسنگ کئی دنوں سے بند ہونے کی وجہ سے فلسطینیوں کے لیے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد پہنچانا غیر محفوظ ہے۔ اسرائیل نے 5 مئی کو اسرائیلی فوجی پوائنٹ پر حماس کے حملے کی وجہ سے غزہ کے ساتھ کریم شالم کی واحد تجارتی کراسنگ کو بند کر دیا۔ اس حملے میں چار فوجی مارے گئے۔ بعد ازاں 8 مئی کو دوبارہ کھلنے کے فوراً بعد، حکومت پسندوں نے جنوبی غزہ کے رفح سے اسرائیل میں کیرم شالم کراسنگ کے علاقے کی طرف ٹرک داغے۔ یہ حملہ اسرائیلی فوج نے 7 مئی کو رفح کراسنگ کے غزہ کی جانب "آپریشنل کنٹرول" کے اعلان کے بعد ہوا، جس کے بعد مصر سے غزہ میں انسانی امداد کو روک دیا گیا۔ اوسی ایچ اے اور دیگر انسانی تنظیموں نے خبردار کیا کہ جنگ زدہ غزہ میں کراسنگ بند ہونے سے 20 لاکھ سے زائد فلسطینی متاثر ہوں گے۔ قابل ذکر ہے کہ 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے کے بعد اسرائیل نے جواب میں حماس کے خلاف زبردست حملہ کیا تھا جس میں تقریباً 1600 افراد ہلاک اور 200 سے زائد کو یرغمال بنا لیا تھا۔ علامیرگ کی رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ ہندوستان کے کوتم اڈانی بھی ایک بار پھر 100 ارب ڈالر کلب کے رکن بن گئے ہیں، جن کی دولت میں 2023 کے دوران نمایاں کمی دیکھنے میں آئی تھی۔

ایران میں سیلاب سے 7 افراد کی موت

تہران، (یو این آئی) ایران کے شمال مشرقی شہر مشہد میں شدید بارشوں سے آئے اچانک سیلاب کی وجہ سے سات افراد کی موت ہوگئی ہے۔ ایران کی سرکاری خبر رساں ایجنسی ارنا نے اپنی رپورٹ میں یہ اطلاع دی۔ رپورٹ میں مشہد میونسپلٹی کے فائر اینڈ سیکیورٹی سروسز آرگنائزیشن کے ڈپٹی ڈائرکٹر مجید رضا عارفنیہ کے حوالے سے بتایا گیا کہ یہ حادثہ خراسان رضوی کے مشہد کے انقلاب چوک پر ایک کار کے اندر پھنسے دو افراد سیلابی پانی میں ڈوب کر ہلاک ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ انقلاب چوک پر امدادی ٹیمیں تعینات کر دی گئی ہیں، جبکہ زمینی طور پر تمام کو زندہ بچا جانے والوں اور متاثرین کے لیے سیلابی پانی میں پھنسی کاروں کی تلاش کر رہی ہیں۔ مسٹر عارفنیہ نے کہا کہ اسی دن سیلاب کے باعث شہر کے ایک اور محلے میں ایک رہائشی عمارت گرنے سے ایک خاتون اور اس کے چار بچے ہلاک ہوگئے۔ کم از کم 250 خاندانوں کو شہر اور قریبی گاؤں میں محفوظ مقامات پر پناہ دی گئی ہے۔ صوبائی محکمہ موسمیات کے مطابق صوبہ خراسان رضوی میں منگل سے موسلا دھار بارشیں شروع ہوگئی ہیں اور اس کا آنے والے دنوں میں بھی جاری رہنے کا امکان ہے۔

دنیا میں 100 ارب ڈالرز سے زائد کی مالک بننے والی واحد خاتون کون ہیں؟

واشنگٹن، (یو این آئی) ایک مقبول ترین میک اپ برانڈ کمپنی کی مالک فرانکوئس بیٹن کورٹ میئرس دنیا کی واحد خاتون ہیں جو 100 ارب ڈالرز کی مالک ہیں۔ وہ اس سے قبل دسمبر 2023 میں بھی 100 ارب ڈالرز کے بند کے کوہر کرنے میں کامیاب ہوئی تھیں مگر پھر پیچھے چلی گئیں۔ ابھی وہ 101 ارب ڈالرز کے ساتھ دنیا کے امیر ترین افراد کی فہرست میں 14 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ بلومبرگ کی ایک رپورٹ کے مطابق لوئیس ونٹن کمپنی کے شیئرز بھی بڑھے اور وہ اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھیں۔ 2017 میں والدہ کے انتقال کے بعد انہیں کمپنی کے 33 فیصد حصص اور دیگر اثاثے مل گئے تھے۔ اب وہ دنیا کی سب سے بڑی کاسمیٹک کمپنی کی وائس چیئرپرسن ہیں۔ فرانکوئس بیٹن کورٹ میئرس برٹس کے ساتھ ساتھ لکھنا بھی پسند کرتی ہیں اور اب تک مختلف موضوعات پر کئی کتابیں تحریر کر چکی ہیں۔ انہوں نے 1984 میں شادی کی تھی اور اب ان کے 2 بیٹے ہیں۔

2 ریاستی حل تک فلسطین میں اقوام متحدہ کی امن فوج تعینات کی جائے: عرب لیگ

مناما: (ایجنسی) عرب لیگ کے 33 ویں سربراہی اجلاس کے اعلامیے میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ مسئلہ فلسطین کا واحد دو خودمختار ریاستوں کا قیام ہے اور تب تک وہاں اقوام متحدہ کی امن افواج تعینات کی جائیں۔ عرب میڈیا کے مطابق عرب لیگ کے سربراہ اجلاس کی میزبانی بحرین نے کی، اجلاس میں دریائے نیل، دجلہ اور فرات میں پانی کی حفاظت اور مصر، سوڈان، عراق اور شام کے حقوق کی حمایت کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس کے اعلامیے میں کہا گیا ہے کہ مصر اور جمہوریہ سوڈان کے لیے آبی تحفظ ضروری ہے جب کہ دریائے دجلہ، فرات اور نیل کے پانیوں کے حقوق میں شام اور عراق کا بھی حصہ شامل ہے۔ اعلامیے میں اندرونی معاملات میں مداخلت اور وہاں آبادیاتی تبدیلی لانے کی کسی بھی کوشش کو مسترد کرتے ہوئے کہا گیا کہ شام کے تنازع کے حل کے لیے سلامتی کونسل کی قرارداد 2254 پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ اعلامیے میں یمن کے معاملے میں سلامتی کونسل کی قرارداد 2216 کے نفاذ پر زور دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یمن کی صورتحال کونسل کی حمایت اور سیاسی بحران کے حل کے لیے بین الاقوامی کوششوں کو مزید آگے بڑھایا جائے۔ اعلامیے میں لیبیا کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور تمام غیر ملکی افواج کے انخلا پر زور دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ لیبیا کے عوام کو اپنا فیصلہ خود کرنے دیا جائے۔ عرب لیگ کے اعلامیے میں فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے دو ریاستی حل کے نفاذ تک اقوام متحدہ سے وہاں امن افواج کی تعیناتی کا مطالبہ بھی کیا گیا ہے۔

9 مئی جلاؤ گھیراؤ معاملے کے 3 مقدمات میں عمران خان کی عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور، (یو این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی کو جناح ہاؤس، عسکری ٹاور اور تھانہ شادمان ٹاؤن کو جلانے کے 3 مقدمات میں سابق وزیراعظم عمران خان کی عبوری ضمانت میں 24 مئی تک توسیع کردی۔ ڈان نیوز کے مطابق انسداد دہشتگردی عدالت میں عمران خان کی 3 مقدمات میں عبوری ضمانت کی درخواست سماعت ہوئی۔ بعد ازاں عدالت نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے وکیل سلمان صفدر کو دلائل کے لیے طلب کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر عمران خان کی 3 مقدمات میں عبوری ضمانتوں یقینی بنانے کا حکم بھی دے دیا۔ واضح رہے کہ 10 مئی کو لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی جلاؤ گھیراؤ کے 3 مقدمات میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کی عبوری ضمانتوں کی درخواست پر آئندہ سماعت میں ویڈیو لنک کے ذریعے ان کی حاضری یقینی بنانے کے لیے انتظامات مکمل کرنے کی ہدایت جاری کردی تھی۔ گزشتہ سماعت پر لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے سابق وزیراعظم عمران خان کی 3 مقدمات میں عبوری ضمانتوں کی سماعت پر وکلا کو دلائل کے لیے طلب کرلیا تھا۔ خیال رہے کہ 9 مئی کو اقادر ٹرسٹ ک